کرتا ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ انسان ہوں یا جانور، سبھی کو زندہ رہنے کے لیے آکسیجن کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ یہ آکسیجن درختوں اور پودوں کے سوا قدرتی طور پر اور کہیں سے میسر نہیں ہوسکتی۔ حیوانات اور صنعتی کارخانوں اور دیگر انسانی سرگرمیوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی زہریلی گیس کاربن ڈائی آکسائیڈ و ہائیڈروجن وغیرہ کو جذب کرکے آکسیجن میں تبدیل کرنے کا کام بھی یہی جنگلات کرتے ہیں، اسی وجہ سے ماہرین درختوں اور پیڑ پودوں کو آکسیجن کی فیکٹریاں کہتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق ان جنگلات میں جس قدر کمی واقع ہوتی جائے گی، اسی قدر کاربن ڈائی آکسائیڈ میں اضافہ ہوتا رہے گا، جس کے نتیجے میں عالمی حرارت میں اضافہ اور اوزون کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے انسانوں میں بیماریوں کا پھیلاؤ عام ہوجائے گا۔(18)

درخت ماحولیات کا ایک اہم عنوان ہیں جو نہ صرف ماحول کو خوشگوار رکھتے ہیں بلکہ ماحولیاتی آلودگیوں کے تدارک میں بھی بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے درختوں کو زمین کی زینت قرار دیا ہے۔ درختوں اور پیڑ پودوں کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے بار بار متعدد زاویے سے ان کی اہمیت بیان کی ہے۔ ایک جگہ اناج، سبزہ اور گھنے باغات کی پیدائش کو یوں بیان کیا ہے:

وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا۔لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا۔وَّ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا۔(19)

ہم ہی نے پانی بھرے بادلوں سے کثرت سے پانی برسایا تاکہ ہم اس پانی کے ذریعے غلہ اور سبزی اور گھنے باغات پیدا کریں۔

قرآن مجید میں درختوں اور نباتات کے نظام کو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت قرار دیا ہے۔ چنانچہ ایک مقام پر آسمان سے برسائے جانے والے پانی اور اس کے فوائد پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا:

هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّ مِنْهُ شَجَرٌ فِیْهِ تُسِیْمُوْنَ۔یُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَ الزَّیْتُوْنَ وَ النَّخِیْلَ وَ الْاَعْنَابَ وَ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ۔اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ۔(20)

"وہی ہے جو تمھارے فائدے کے لیے آسمان سے پانی برساتا ہے جسے تم پیتے بھی ہو اور اس سے اگے ہوئے درختوں سے تم اپنے جانوروں کو چراتے ہو۔ اس سے وہ تمھارے لیے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل اگاتا ہے۔ بے شک ان لوگوں کے لیے تو اس میں نشانی ہے جو غور و فکر کرتے ہیں۔"

درختوں اور پودوں سے جہاں پھل فراہم ہوتے ہیں، غلہ اور اناج حاصل ہوتا ہے، وہیں شدید دھوپ میں راہ

گیروں کو سایہ بھی میسر آتا ہے۔ خالقِ کائنات نے درختوں اور دیگر اشیاء کے سایے کا تذکرہ قرآن کریم میں بطور احسان فرمایا ہے:

وَ اللّٰہُ جَعَلَ لَکُمۡ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا۔(21)

"اور اللہ ہی نے تمھارے لیے اپنی پیدا کردہ چیزوں میں سے سایے بنائے ہیں۔"

آسمان وزمین، پہاڑ وجنگل، پرندے اور باغات، وادیاں اور آبادیاں یہ سب کچھ اللہ رب العزت کے متوازن نظام کا شاہکار ہیں۔قرآن کریم واضح الفاظ میں پوری انسانیت کو یہ پیغام دیتا ہے کہ یہ دنیا برتنے کے لیے انسان کو عطا کر دی گئی ہے۔اس میں موجود تمام نعمتیں انسان کے لیے وقف ہیں، مگر اس کا تقاضا یہ ہے کہ انسان ان نعمتوں کو اعتدال کے ساتھ استعمال کرے۔قرآن کریم واضح طور پر کہتا ہے:

کُلُوۡا وَ اشۡرَبُوۡا مِنۡ رِّزۡقِ اللّٰہِ وَ لَا تَعۡثَوۡا فِی الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِیۡنَ۔(22)

''اللہ کے رزق میں سے کھاؤ اور پیو، اور زمین میں فساد نہ کرو۔''

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میانہ روی اختیار کرو اور اگر یہ نہ ہو سکے تو میانہ روی کے قریب رہو۔''(23)

اللہ کے رسول ﷺ نے شجر کاری کی جانب متوجہ کرتے ہوئے ایک موقع پر ارشاد فرمایا:

"جو مسلمان درخت لگائے پھر اس میں سے کوئی کھائے تو لگانے والے کو صدقے کا ثواب ملے گا اور جو چوری ہو جائے اس میں بھی صدقے کا ثواب ملے گا۔اور جو درندے کھا جائیں اس میں بھی صدقے کا ثواب ملے گا اور جو پرندے کھا جائیں اس میں بھی صدقے کا ثواب ملے گا اور نہیں کم کرے گا اس کو کوئی مگر صدقے کا ثواب ہوگا۔"(24)

ایک اور موقع پر آپ نے کاشتکاری اور بنجر و غیر استعمال زمین کو کاشت کے لیے استعمال کرنے کی ترغیب دیتے ہوئے فرمایا: "جس کے پاس زمین ہو وہ اس میں خود کھیتی کرے یا اپنے مسلمان بھائی کو دے دے کہ وہ کھیتی کرے۔"(25)

احادیثِ نبوی میں بلاضرورت درختوں کے کاٹنے پر شدید وعید آئی ہے۔ابو قتادہ بن ربعیؓ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ کے سامنے سے ایک جنازہ گزرا۔آپ ﷺ نے فرمایا: یہ جنازہ آرام والا ہے یا آرام دینے والا ہے۔صحابہ نے دریافت کیا کہ اس سے کیا مراد ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مسلمان بندہ جب فوت ہو جاتا ہے تو دنیا کی تکالیف اور صدمات سے چھوٹ کر وہ

آرام کرتا ہے۔ اور جس وقت کافر آدمی مرتا ہے تو اس سے انسان (وجنات) بستیاں اور درخت اور جانور آرام حاصل کرتے ہیں۔ اس لیے کہ وہ بندوں کو ستایا کرتے تھا اور وہ درختوں کو کاٹتا تھا اور ناحق جانوروں کو مارتا تھا۔(26)

تعلیمات نبوی ﷺ ہی کا نتیجہ تھا کہ صحابہ کرامؓ شجر کاری کا خاص اہتمام فرماتے تھے۔ صدقے کی نیت سے درخت لگاتے تھے۔ جیسا کہ ایک شخص نے حضرت ابوالدرداءؓ کو اخروٹ کا پودا لگاتے ہوئے دیکھا تو کہا: آپ یہ پودا لگا رہے ہیں حالانکہ آپ بہت بوڑھے ہیں اور یہ پودا اتنے عرصے کے بعد پھل دیتا ہے؟ حضرت ابوالدرداءؓ نے فرمایا: میرا اس میں کیا نقصان ہے کہ اس کا اجر مجھے ملے اور اس کا پھل دوسرے کھائیں۔(27)

شجر کاری اور کاشت کاری کی اہمیت وفوائد کے نظر اسلام نے افتادہ سرکاری زمینوں کے بارے میں یہ اصول مقرر کیا کہ جو شخص بھی اس میں کاشت کاری کرنا چاہے حکومت کی اجازت سے کرسکتا ہے۔ اگر کوئی شخص ایسی اراضی قبضے میں لے کر پھر اسے آباد کرنا چھوڑ دے تو زمین اس سے لے کر ایسے شخص کے حوالے کردی جائے گی جو اس میں کاشت کاری کرے۔(28)

ماحولیات کے تحفظ کے حوالے سے قرآن حکیم کی درج ذیل آیت بھی توجہ طلب ہے۔ روایات میں آتا ہے کہ اخنس بن شرین نامی ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی محبت کا یقین دلایا۔ مگر وہ درحقیقت منافق تھا، پھر جب وہ واپس ہوا تو راستے میں مسلمانوں کی فصلوں، کھیتوں اور جانوروں کے پاس سے گزرتے ہوئے ان کی فصلوں کو جلا ڈالا اور جانوروں کو ہلاک کردیا۔ اس موقعے پر یہ آیت نازل ہوئی:

وَ اِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَ یُهْلِکَ الْحَرْثَ وَ النَّسْلَ وَ اللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ۔(29)

اور جب پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے تو زمین میں دوڑتا پھرتا ہے تاکہ اس میں فتنہ انگیزی کرے اور کھیتی کو (برباد) اور (انسانوں اور حیوانوں کی) نسل کو نابود کردے اور خدا فتنہ انگیزی کو پسند نہیں کرتا۔

یہاں اللہ تعالیٰ فساد سے منع فرما رہا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ فساد کی بعض شکلوں کی وضاحت بھی فرما رہا ہے کہ بلاسبب فصلوں کو نقصان پہنچانا اور جانوروں کو ہلاک کرنا فساد فی الارض ہے۔ کیونکہ یہ وسائل کا، مظاہر فطرت کا ضیاع ہے۔ اور انسان کو قدرت واختیار سے اس لیے نہیں نوازا گیا کہ وہ ان نعمتوں کو ضائع کرتا پھرے۔ یہ نعمتیں پوری انسانیت کا اثاثہ ہیں۔ کسی فردِ واحد کو ان کو ضائع کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ یہ فساد و بگاڑ فسادِ عظیم ہے، اس سے بڑا کوئی فساد نہیں۔

رسول اللہﷺ کی قدرتی ماحول کے تحفظ پر حساسیت، آج کے دور میں ماحولیات کے علم برداروں کی طرف سے طبیعات کے توازن کو برقرار رکھنے کی کوششوں اور حساسیت سے کہیں زیادہ دور اندیشی پر مبنی تھی۔ تحفظِ ماحولیات کے حوالے سے آپ نے کئی عملی اقدامات کیے۔ مثال کے طور پر مدینہ منورہ پہنچتے ہی آپ نے اسے حرم قرار دیتے ہوئے وہاں پر درختوں اور جڑی بوٹیوں کے کاٹنے اور جانوروں کی ہلاکت کی ممانعت کردی۔ آپ نے پرندوں کے گھونسلوں کو بھی تباہ نہ کرنے اور ان کے انڈوں کو نہ توڑنے کی تلقین فرمائی۔ چراگاہیں تعمیر کروائیں۔ سینکڑوں کی تعداد میں کھجور کے درخت اپنے دستِ مبارک سے لگائے۔ مسلمان فوجوں کو اس بات کی ہدایت تھی کہ وہ بستیوں کو ویران اور فصلوں کو خراب نہ کریں۔(30)

قرآن کریم کی آیات اور رسول اللہﷺ کی تعلیمات سے ہمیں یہ رہنمائی ملتی ہے کہ ہر چیز میں اعتدال مطلوب ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اگر اعتدال اور میانہ روی کے ساتھ دنیا ترقی کی راہ پر گامزن رہے تو نظام کائنات کا توازن بھی برقرار رہے گا اور ماحولیات کا بھی تحفظ ہوگا۔

جانوروں کا تحفظ:

جانوروں کی دنیا (Animal Kingdom) بہت وسیع ہے، اس کی وسعت کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ حیوانات کی 70 فیصدی تعداد جنگلوں میں رہتی ہے اور بعض جانوروں کی اقسام انسانی آبادی میں گھل مل کر رہتی ہیں، جن سے انسان اپنی متعدد بلکہ بے شمار ضرورتیں پوری کرتا ہے، دودھ، سواری، بار برداری، گوشت، اون، حرارت وغیرہ بے شمار فوائد کے حصول کے لیے ان ہی جانوروں کا سہارا لیا جاتا ہے۔ قرآن مجید نے ان منافع کو متعدد مقامات پر اجمالاً اور کہیں تفصیلاً ذکر کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَ الْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ج لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّ مَنَافِعُ وَ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ وَ لَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَ حِيْنَ تَسْرَحُوْنَ وَ تَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَّ الْخَيْلَ وَ الْبِغَالَ وَ الْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَ زِيْنَةً ط وَ يَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔(31)

"اور اسی نے چوپایوں کو بنایا ان میں تمھارے جاڑے کا بھی سامان ہے اور بھی بہت سے فائدے ہیں اور ان میں سے کھاتے بھی ہو اور ان کی وجہ سے تمھاری رونق بھی ہے جب کہ شام کے وقت لاتے ہو اور جب کہ صبح کے وقت چھوڑ دیتے ہو اور شہروں

میں جہاں تم زحمت شاقہ کے بغیر پہنچ نہیں سکتے وہ تمھارے بوجھ اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ تمھارا پروردگار نہایت شفقت والا اور مہربان ہے۔ اور اسی نے گھوڑے اور خچر پیدا کیے تا کہ تم ان پر سوار ہو اور وہ تمھارے لیے زینت بھی ہیں۔ اور وہ پیدا کرتا ہے جن کی تم کو خبر نہیں ہے۔"

ماحولیات کے تحفظ میں جانور بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بہت سے ایسے زہریلے جانور ہیں، جو فضا میں موجود زہریلی گیسوں کو پی لیتے ہیں۔ بعض جانور دوسری موذی جانوروں سے بچاؤ کا سبب بھی ہوتے ہیں۔ ماحولیات کے تحفظ کے لیے جانوروں کی حفاظت بہت ضروری ہے۔ اسلام نے بے ضرر جانوروں کو بلاوجہ مارنے اور محض شوقیہ شکار کرنے سے منع کیا ہے۔ چنانچہ شریر بن سویدؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جو کسی پرندے کو بطور تفریح قتل کرے گا، وہ کل قیامت کے دن اللہ عزوجل کے سامنے فریاد کرتے ہوئے کہے گا کہ اے رب! فلاں نے مجھے تفریح کے طور پر قتل کیا، اور کسی فائدے کی خاطر قتل نہیں کیا۔'' (32)

بلا جواز جانوروں کے شکار کی وجہ سے آج دنیا سے بے شمار جانوروں کی نسلیں معدوم ہو چکی ہیں اور ہو رہی ہیں۔ تحفظ حیوانات کی تنظیمیں سر توڑ کوششیں کر رہی ہیں کہ جانوروں کی معدوم ہوتی نسلوں کو کسی طرح سے بچا لیا جائے۔ جانوروں کے تحفظ اور ان کی نسلوں کی بقا کے ضمن میں بھی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تعلیمات بالکل واضح ہیں کہ کسی بھی جاندار مخلوق کی نسل کشی نہ کی جائے؛ کیونکہ ہر جاندار مخلوق کا ایک سماجی وجود ہے اور انسان کی طرح وہ بھی ایک امت ہے۔ ارشاد باری ہے:

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِیْ الاَرْضِ وَلاَ طَائِرٍ یَطِیْرُ بِجَنَاحَیْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُکُم مَّا فَرَّطْنَا فِیْ الکِتَابِ مِن شَیٍ۔ (33)

''اور کوئی جانور نہیں جو زمین پر چلتا ہو اور کوئی پرندہ نہیں جو فضا میں اپنے دونوں بازوؤں سے اڑتا ہو، مگر یہ سب تمہاری ہی طرح امتیں ہیں، اور ہم نے اپنی کتاب میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔''

اسلام نے یہ بات بہت پہلے بتا دی تھی کہ جانور انسانوں کی ضرورت اور ماحولیات کی زینت ہیں۔ انھیں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے استعمال کے لیے بنایا ہے، اس لیے ان کی نسلوں کا تحفظ انسان کی ذمے داری ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے بھی جانوروں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنے کا حکم دیا ہے اور انھیں بلا جواز مارنا تو درکنار برا بھلا کہنے سے بھی منع فرمایا ہے۔ (34)

حاصلِ کلام

اسلام قدرتی وسائل پر نہ صرف انسانوں کا بلکہ دنیا کی تمام مخلوقات کا مساوی حق تسلیم کرتا ہے۔اسی طرح مستقبل کی نسلوں کا بھی ان قدرتی وسائل میں حق محفوظ رہنا چاہیے۔امام ابو یوسف کے نزدیک: وہ شخص جو قدرتی ماحول کو ٹھیک طرح سے نہیں سمجھتا، اسلامی شریعت کے نفاذ کے مناسب طریقہ کار کو بھی نہیں سمجھ سکتا۔(35)

قدرتی ماحول میں بگاڑ کی اہم وجہ انسان کی حریص طبیعت اور ضائع کرنے والی فطرت ہے۔قرآن کریم نے فساد پھیلانے سے بڑی تاکید کے ساتھ منع کیا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا (36)

اور زمین میں اس کی درستی کے بعد فساد نہ مچا۔

درحقیقت آلودگی بھی ایک ہمہ گیر فساد ہے، جس کے دامن میں تباہی و بربادی کے سوا کچھ نہیں۔فساد، نظامِ فطرت میں تبدیلی لانے، بگاڑ پیدا کرنے اور انسانی ماحول اور گردو پیش کی صفائی ستھرائی اور پاکیزگی کے لیے اللہ نے جو انتظام و انصرام کیا ہے، اس کی خلاف ورزی کا نام ہے۔لہٰذا جو لوگ قوانین فطرت کو بدلنا چاہتے ہیں یا بدل رہے ہیں اور نظامِ فطرت کو درہم برہم کرنے میں لگے ہوئے ہیں، یا ایسے اسباب وعوامل پیدا کر رہے ہیں، جن سے ماحولیات کو نقصان پہنچ رہا ہے، ہوا کی کثافت، فضائی آلودگی اور پانی کی سمیت میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کی وجہ سے انسانی وجود کو شدید خطرات لاحق ہو گئے ہیں، درحقیقت ایسے افراد پوری انسانیت کے دشمن ہیں۔(37)

اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوقات کو ایک دوسرے پر انحصار کرنے والا بنایا ہے، تاکہ ہر گروہ دوسرے گروہ کی فلاح و بہبود میں تعاون کرے۔انسان کو قدرتی وسائل کے استعمال کی مشروط اجازت دی گئی ہے۔شرائط یہ ہیں: معتدل استعمال، توازن قائم رکھنا اور ان قدرتی وسائل کے تحفظ اور بقا کا سامان کرنا۔موجودہ نسلوں کے علاوہ، قدرتی وسائل میں آنے والی نسلوں کا بھی 'حق' ہے۔اسے کسی طرح سے متاثر نہ کیا جائے۔قدرتی وسائل کا بھی یہ حق ہے کہ انسان ان کا بے جا استعمال نہ کرے، ان کی حفاظت کرے، انھیں برباد ہونے سے بچائے اور ان کے ساتھ کسی قسم کا مسرفانہ رویہ اختیار نہ کرے۔(38)

تحفظ ماحولیات کے حوالے سے اسلام کی تعلیمات کو سامنے رکھا جائے تو دنیا کو ماحولیاتی مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے اور نظامِ کائنات کا توازن بگڑنے نہ پائے۔آج جس طرح سے کائنات کا ماحولیاتی توازن بگڑ رہا ہے، فضائی اور زمینی آلودگی

بڑھ رہی ہے، زمین کا درجہ حرارت بڑھنے سے گلیشیر پگھل رہے ہیں اور زمیں کی زیریں منجمد سطح متاثر ہو رہی ہے۔ کیمیائی کھادوں کے مسائل روز افزوں ہیں۔ اس نے گلوبل وارمنگ کی تشویش ناک صورت حال پیدا کر دی ہے۔ جنگلات کی کمی واقع ہونے، پٹرول، بجلی اور ایٹمی توانائی کے بے جا استعمال سے کاربن ڈائی آکسائیڈ، نائٹروجن اور آکسیجن کا توازن بگڑ کر رہ گیا ہے۔ گرین ہاؤس افیکٹ سے قطبین پر جمی برف پگھلنے لگی ہے جس سے سطح سمندر بلند ہو رہی ہے۔ اس کے نتیجے میں کئی ساحلی شہر، ملک اور آبادیوں کا وجود خطرے میں پڑ گیا ہے۔ وبائی امراض پھیل رہے ہیں۔ بلا شبہ یہ انسانوں کی اپنے ہاتھوں کی کمائی اور وبال ہے جو خدا اور اس کے بندوں سے بے نیاز ہو کر محض اپنے مفادات اور خواہشات کی تسکین کا نتیجہ ہے جس سے دنیا کو 'فساد' کا سامنا ہے۔(39)

عصرِ حاضر میں درپیش گلوبل وارمنگ سے متعلق جن مسائل کا ہمیں سامنا ہے وہ حد سے تجاوز کرنے کا ہی نتیجہ ہیں۔

جب کہ قرآن کریم کی تعلیم یہ ہے کہ:

وَ لَا تُسۡرِفُوۡا۔ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الۡمُسۡرِفِیۡنَ(40)

اور حد سے تجاوز نہ کرو، اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

مذکورہ آیت کی روشنی میں قدرتی وسائل کا صحیح استعمال کیا جائے اور اسراف سے اجتناب کیا جائے تو ماحولیات کے بگڑے توازن کو سنبھالا جا سکتا ہے۔ درحقیقت ماحولیات کا تحفظ قرآن وسنت کی پیروی میں مضمر ہے۔ قرآن کریم کی آیاتِ بینات اور تعلیماتِ نبویﷺ ہی کی روشنی میں ہم آنے والی نسلوں کو ایک خوشگوار، معتدل اور صحت افزا ماحول فراہم کر سکتے ہیں۔

ماحولیاتی آلودگی کے سدِ باب کے سلسلے میں چند تجاویز:

1۔صفائی کا اہتمام:

اہم ترین نکتہ جو آج کے ماحولیاتی مسائل میں ہمارے لیے رہ نما خطوط فراہم کرتا ہے، وہ صفائی کا اہتمام ہے۔ اسلامی عبادات کی صحت کا مدار بھی طہارتِ نفس و مکان پر ہے۔ ارشادِ نبوی ہے:

لا تقبل صلاۃ بغیر طھور۔(41)

''طہارت کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی۔''

2۔علماء کا کردار:

جمعے کے خطبوں میں ماحول کے تحفظ کے پیغامات کو شامل کیا جائے۔جیسا کہ انڈونیشیا میں سنہ 2013ء میں کی جانے والی ایک تحقیق میں جمعے کے خطبوں میں ماحول کے تحفظ کے پیغامات کو شامل کرنے کی افادیت ثابت ہوئی ہے۔تحقیق کے مطابق ان پیغامات کے ذریعے عوامی سطح پر ماحول سے متعلق آگاہی کی مہم میں مدد ملی تھی۔(42)

3۔ قوانین پر عمل درآمد:

پاکستان میں آلودگی کے مسائل پر توجہ،غور وخوض اور تحقیق کے لیے ملک کے چاروں صوبوں میں ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسیوں کا قیام عمل میں آ چکا ہے۔آلودگی پر کنٹرول کے لیے ایک آرڈیننس بھی جاری ہو چکا ہے اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں آلودگی کی افزائش کو روکنے کے لیے مزید قانون سازی کا عمل بھی جاری ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان ماحولیاتی تحفظ کے قوانین جس میں شہریوں،بلدیاتی اور صنعتی اداروں کی ذمہ داریوں کا تعین کر دیا گیا ہے،ان پر پوری ذمہ داری کے ساتھ عمل کیا جائے۔

4۔ماحول دوست کردار:

ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لیے اجتماعی اور انفرادی سطرح پر ماحول دوست کردار اپنایا جائے۔زمین کو مزید کھوکھلا نہ کیا جائے،سمندر کو کوڑے دان نہ بنایا جائے،درختوں کی کٹائی بند کر کے نئے پودے لگائے جائیں تاکہ قدرتی ماحول کو مزید خراب ہونے سے محفوظ رکھا جا سکے۔

5۔تربیت یافتہ افراد کی خدمات حاصل کرنا:

پاکستان کی چار جامعات میں ماحولیات (Environmental Studies) کی تعلیم دی جاتی ہے۔ان میں این ای ڈی انجینئرنگ یونی ورسٹی،مہران انجینئرنگ یونی ورسٹی،لاہور انجینئرنگ یونی ورسٹی اور کراچی یونی ورسٹی شامل ہیں۔ماحولیاتی آلودگی کے مسائل پر قابو پانے کے لیے ان اداروں کے فارغ التحصیل اور تربیت یافتہ نوجوانوں کی خدمات حاصل کی جائیں۔صنعت وحرفت کے متعلق ہر یونٹ اور ہر ادارے میں ماحولیاتی کارکنوں اور ان تربیت یافتہ افراد کو کام کے مواقع فراہم کیے جائیں۔جس سے ایک جانب ان تعلیم وتربیت یافتہ افراد کو روزگار میسر آئے گا، دوسری جانب ان کی مدد سے ماحولیاتی آلودگی کے مسائل پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔

6 ۔عوامی آگاہی مہم:

عوام کو حفظان صحت کے امور سے متعلق شعور دیا جائے۔ لوگوں کو گھروں کے اندر پودے رکھنے پر راغب کیا جائے۔ بعض پودے ہوا کے مضر صحت اجزا کو صاف کرتے ہیں اور یہ گھر کے اندر کی فضا میں آلودگی کے سدِ باب کے لیے ایک موثر ذریعہ ثابت ہوتے ہیں۔ اسی طرح عوام کو یہ شعور دیا جائے کہ گاڑیوں کو اچھی حالت میں رکھیں تا کہ وہ فضائی آلودگی کا سبب نہ بنیں۔ اسی طرح پولی تھین بیگ کا استعمال نہ کریں کیونکہ یہ ماحولیاتی آلودگی کا ایک بڑا سبب ہیں۔ اسی طرح گیلے کوڑے اور کچرے کو لان میں یوریا کے طور پر استعمال کریں۔ یہ اور اسی طرح کی کئی چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں جن پر عمل کر کے ہم ایک اچھے اور ذمہ دار شہری کی حیثیت سے ماحولیاتی آلودگی کے سدِ باب میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ سورۃ محمد:15

2۔ سورۃ ابراہیم:32۔33

3۔ سورۃ الحج:45

4۔ سورۃ النحل:88

5۔ سورۃ الفرقان:2

6۔ سورۃ الانبیاء:35

7۔ سورۃ الملک:30

8۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کِتَاب الشُّرْبِ والْمُسَاقَاةِ، بَابُ مَنْ رَأَى أَنَّ صَاحِبَ الْحَوْضِ وَالْقِرْبَةِ أَحَقُّ بِمَائِهِ، رقم الحدیث:2369

9۔ ایضاً، باب الرھون، بَابُ: الْمُسْلِمُونَ شُرَكَاءُ فِي ثَلَاثٍ، رقم الحدیث:2472

10۔ ابن ماجہ، امام ابوعبداللہ محمد بن یزید، سنن ابن ماجہ، کتاب الطہارۃ وسننہا، بَابُ: مَا جَاءَ فِي الْقَصْدِ فِي الْوُضُوءِ وَكَرَاهِيَةِ التَّعَدِّي فِيهِ، رقم الحدیث: 425

11۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کِتَاب الْوُضُوءِ، بَابُ الْبَوْلِ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ، رقم الحدیث:239

12۔ مسلم بن حجاج، امام، صحیح مسلم، کِتَاب الْأَشْرِبَةِ، باب الْأَمْرِ بِتَغْطِيَةِ الْإِنَاءِ وَإِيكَاءِ السِّقَاءِ وَإِغْلَاقِ الْأَبْوَابِ وَذِكْرِ اسْمِ اللَّهِ عَلَيْهَا وَإِطْفَاءِ السِّرَاجِ وَالنَّارِ عِنْدَ النَّوْمِ وَكَفِّ الصِّبْيَانِ وَالْمَوَاشِي بَعْدَ الْمَغْرِبِ، رقم الحدیث:5250

13۔ مسلم بن حجاج، امام، صحیح مسلم، کِتَاب الْأَشْرِبَةِ، باب كَرَاهَةِ التَّنَفُّسِ فِي نَفْسِ الْإِنَاءِ وَاسْتِحْبَابِ التَّنَفُّسِ ثَلَاثًا خارج الاناء رقم الحدیث:5285

14۔ قاسمی، محمد جہانگیر حیدر، اسلام اور ماحولیات، 2008ء، سہارنپور: کتب خانہ نعیمیہ دیوبند، ص140

15۔ ابن ماجہ، امام ابوعبداللہ محمد بن یزید، سنن ابن ماجہ، کتاب الأدب، بَابُ: إِطْفَاءِ النَّارِ عِنْدَ الْمَبِيتِ، رقم الحدیث:3771

16۔ سورۃ لقمان:۱۹

17۔ بخاری، امام محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الجہاد والسیر، باب ما یکرہ من رفع الصوت فی التکبیر، رقم الحدیث:2992
18۔ قاسمی، محمد جہانگیر حیدر، اسلام اور ماحولیات، محولا بالا، ص185
19۔ سورۃ النباء:14۔16
20۔ سورۃ النحل:10۔11
21۔ سورۃ النحل:18
22۔ سورۃ البقرہ:40
23۔ بخاری، امام محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، باب لن یدخل أحد الجنۃ بعملہ بل برحمۃ اللہ تعالی، رقم الحدیث:7117
24۔ مسلم بن حجاج، امام، صحیح مسلم، کتاب المساقات والمزارعت، باب فضل الغرس والزرع، رقم الحدیث:3856
25۔ بخاری، امام محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الوکالت، باب ماجائی الحرث والمزارعۃ، رقم الحدیث:2187
26۔ نسائی، امام ابوعبدالرحمن، سنن نسائی، کتاب الجنائز، باب استراحۃ المومن، رقم الحدیث:1934
27۔ الکتانی، شیخ عبدالحی، نظامِ حکومتِ نبویہ ﷺ، (مترجم: مولانا حافظ محمد ابراہیم فیضی) 2005ء، لاہور: فرید بک اسٹال، ص616
28۔ ابوداؤد، امام سلیمان بن الاشعث، سنن ابی داؤد، کتاب الخراج والإمارۃ والفیء، باب فی إحیاء الموات، رقم الحدیث:3073
29۔ سورۃ البقرہ:205
30۔ مودودی، مولانا سید، الجہاد فی الاسلام، 2014ء، لاہور: ادارہ ترجمان القرآن، ص۲۲۲
31۔ سورۃ النحل:5۔8
32۔ نسائی، امام ابوعبدالرحمن، سنن نسائی، کتاب الضحایا، باب: النہی عن المجثمۃ، رقم الحدیث: ۶۴۴۴
33۔ سورۃ الانعام:۸۳
34۔ مسلم بن حجاج، امام، صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والآداب، باب: النہی عن لعن الدواب وغیرہا، رقم الحدیث:6606

35۔ احسان اللہ خان، اسلام اینڈ ماڈرن ایج (Islam and Modern Age)، 1980ء، دہلی، ص54

36۔ سورۃ الاعراف:85

37۔ قاسمی، محمد جہانگیر حیدر، اسلام اور ماحولیات، محولا بالا، ص85

38۔ بدرالاسلام، ڈاکٹر، ایجوکیشنل فا؟ نڈیشن آف اسلام (Educational Foundation of Islam)، 2007ء، دہلی: آدم پبلشرز، ص213

39۔ ایضاً

40۔ سورۃ الانعام:۱۴۱

41۔ مسلم بن حجاج، امام، صحیح مسلم، کِتَاب الطَّہَارَۃِ، باب وُجُوبِ الطَّہَارَۃِ لِلصَّلَاۃِ، رقم الحدیث:535

42۔ https://www.bbc.com/urdu/science.50126043 dated10-3-2020

ریاست مدینہ اور اسلامی فلاحی مملکت کا تصور
تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں ایک جائزہ

☆ حمیرا اسرار

انسان نے اپنی اجتماعی زندگی کی تربیت وتہذیب کیلئے جو ادارے قائم کیے ان میں ریاست کا ادارہ سب سے اہم اور بنیادی ہے، یہی دراصل وہ ہیئت سیاسی ہے جس کے ذریعے ایک ملک کے باشندے باقاعدہ حکومت کی شکل میں اپنا معاشرتی نظام قائم کرتے ہیں۔ لغوی اعتبار سے ریاست عربی زبان کا لفظ ہے، عربی میں ریاست کا مادہ رائس ہے اور اسی سے الرئیس ہے جس کے معنی سردار یا سربراہ کے ہیں۔ ریاست ایک منظّم سماج کا نام ہے یہ اس وقت وجود پذیر ہوتی ہے جب کہ ایک طرف افراد پر اقتدار قائم کرنے اور دوسری طرف افراد کی جانب سے اطاعت کرنے کا دوطرفہ رابطہ عمل میں آئے۔ اطاعت کے امر کا واقع ہونا اس بات کو کافی ہے کہ ریاست موجود ہوگی۔ ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی نے دور حاضر کی تعریفات کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

مجموع كبير من الناس يقطن بصفة دائمة فى اقليم جغرافى معين ويخضع لسلطة عليا او تنظيم سياسى معين [1]

لوگوں کی کثیر تعداد میں یہ صلاحیت ہوتی ہے کہ کسی بھی جغرافیہ کو بدل دیں اور بلند سلطنت اور معین سیاسی نظام کو جھکا دیں۔

اسلامی ریاست کی تعریف میں ابوعبید لکھتے ہیں:

هى مجموعة من الافراد هم يحسب الغالبية من المسلمين يعيشون على رقعة من الارض ويلتزمون التزاما قاطعا بالقواعد والاحكام والضوابط الالهية فى نطاق العقيدة والتشريع والمبينة فى مصادرها القنصليية ويخضعون لسلطة سياسية تلتزم امتثال وتحقيق ما امر به الشارع [2]

''افراد کا وہ گروہ جو غالب تعداد میں مسلمان ہو اور ایک خطّہ میں رہائش پذیر ہو احکامات اسلام کے اصول وقواعد جو ان کے عقیدہ اور شریعت میں بیان ہوئے ہیں، پر قانونی طور پر عمل درآمد کا پابند ہو اور ایک سیاسی قوت کے سرکاری احکامات میں اطاعت اور انقیاد کا پابند ہو جس کا حکم شارع نے دیا ہو''

☆ ریسرچ اسکالر، شعبہ اسلامی تاریخ، کراچی یونیورسٹی

پروفیسر خورشید ریاست کی تعریف اس طرح کرتے ہیں:

''ریاست ایک مثبت ادارہ ہے جو زندگی کے سب ہی شعبوں کو متاثر کرتا ہے اس کے قیام وارتقا میں انسان کے اخلاقی حسن اور تصورِ عدل کا غیر معمولی دخل رہا ہے۔'' ۳

فلاحی فلاح سے ماخوذ ہے جس کا مفہوم عام طور پر کامیابی وکامرانی کیا جاتا ہے۔ کامیابی وکامرانی کا مفہوم ادا کرنے کیلئے اس کے علاوہ کئی الفاظ موجود ہیں جیسے فوز ،نجاح ،ظفر وغیرہ ،لیکن اہلِ لغت نے فلاح کی تشریح کرتے ہوئے اسی مفہوم پر اکتفا نہیں کیا، اس کی ایسی تشریح کی ہے جس سے اس کی امتیازی حیثیت نمایاں ہوتی ہے۔ لسان العرب میں ابن منظور افریقیؒ رقمطراز ہیں:

فلح ،الفلح والفلاح ،الفوز والنجاۃ والبقاء فی النعیم والخیر ۴

''فلاح کے معنی سحری کا کھانا، چھٹکارا، فتح مندی، زندگی اور خیر کی بقاء ہے۔''

آکسفورڈ یونیورسٹی میں فلاحی ریاست کی تعریف یوں بیان کی گئی ہے:

"Satisfactory state, health and prosperity well being.State one having national health, insurance and other social services, work, efforts to make life worth living for employees etc." (5)

تسلی بخش حالت، مستحکم اور خوشحال ریاست وہ ہے جس میں قومی صحت بیمہ (کی رقم) کا اطمینان اور دوسری سماجی خدمات کے علاوہ ملازمین کی زندگی کو خوشحال بنایا جاسکے۔

Bruce فلاحی ریاست کے سلسلے میں رقمطراز ہیں:

"It is being realized that free and compulsory education up to modern state.The state is directly responsible for the "Moral Welfare" of the people is yet to be recognized." (6)

یہ محسوس کیا جارہا ہے کہ جدید ریاست میں بنیادی تعلیم کا مفت اور لازمی انتظام اسکے پروگرام میں شامل ہے اور لوگوں کی اخلاقی فلاح کی ذمہ داری کو بھی براہ راست تسلیم کیا جاتا ہے۔

عصر حاضر میں فلاحی ریاست کا مفہوم یوں بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ریاست جو شہریوں کی تمام بنیادی ضروریات کی فراہمی اور مادی فلاح و بہبود کا انتظام کرتی ہو،خوراک ،لباس ، رہائش ،تعلیم اور صحت عامہ وغیرہ سب اس کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں ۔اسلام جس طرح زندگی کے تمام شعبوں میں فلاح وخیر کا داعی ہے اسی طرح ریاست کو بھی فلاحی بنیادوں پر تشکیل دینے کا حکم دیتا ہے۔عوام اور رعایا کی بنیادی ضروریات کی تکمیل اوران کی فلاح و بہبود کو ریاست کے اہم فرائض میں شامل کرتا ہے اور ایسی ہی ریاست کو فلاحی ریاست سے تعبیر کرتا ہے جو پورے معاشرے کی ترقی وخوشحالی کی ضامن ہو اور جہاں ہر شخص امن وسکون کے ساتھ ہر قسم کے ظلم واستحصال سے محفوظ رہ کر اپنے حقوق حاصل کر سکے۔

فلاحی ریاست کی مستحکم بنیادیں:

اخلاقی فلاح کا حصول:

اسلامی حکومت کا ہدف صرف حکومت کرنا، مال و دولت جمع کرنا اور عسکری و نظامی قوت حاصل کرنا نہیں ہے، بلکہ اسلامی حکومت کا بنیادی ہدف دنیا میں نوع انسانی کو غیر اللہ کی غلامی سے آزاد کرنا ہے اور خضوع اور عاجزی کے ساتھ انسانوں کا تعلق اللہ تعالیٰ کے ساتھ بنانا ہے، لوگوں کے درمیان عدل قائم کرنا ہے اس لیے کہ اسلامی حکومت میں انسانی اور اخلاقی ہدف مقدم ہے جب کہ مذکورہ تمام (امور) اخلاقی اندازوں اور اقدار کے تابع ہیں۔قرآن کریم اور سنت طیبہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حقوق وفرائض کا سارا سلسلہ ایمان اور اخلاقی اقدار سے وابستہ ہے، اسی لیے اسلام نے اخلاقی اصول وضوابط کا ایک جامع نظام مرحمت فرمایا ہے۔اخلاقیات کی تعلیم میں چند اصول ایسے ہیں جو حاکم اور رعایا کی روحانی واخلاقی تربیت کر کے اسے صحیح جہت میں آمادہ عمل رکھتے ہیں۔

علمی فلاح کا حصول:

حصول تعلیم انسان کا دینی فریضہ ہے۔اس اعتبار سے تعلیم کا نصب العین فرد کی ایسی تعمیر سیرت ہے جس سے وہ انفرادی اور اجتماعی طور پر کائنات کیلئے رحمت ثابت ہو سکے۔اسلام ایسے افراد چاہتا ہے جو انفرادی طور پر اس عظیم مقصد کے ساتھ وابستگی رکھتے ہوں اور اجتماعی طور پر اسلامی ریاست کے اچھے شہری ثابت ہو سکیں کیونکہ وہ نظام تعلیم جس سے مقاصد ریاست پورے نہ ہوں اجتماعی نظم کیلئے مہلک ثابت ہوتے ہیں۔اس فریضہ کی ادائیگی کیلئے سربراہ مملکت کا علم وتجربہ، نظم ونسق مملکت کو چلانے کی صلاحیت اور معاملہ فہم ہونا ضروری ہے۔ابن خلدون کے نزدیک علم کی شرط اس لیے لگائی گئی ہے کہ اگر امام

عالم نہ ہوگا اور اگر شرعی احکام سے اس کو واقفیت نہیں ہوگی تو وہ ان کو جاری نہیں کر سکے گا۔ ۷

عصر حاضر میں یہ مقصد تب ہی حاصل ہو سکتا ہے جب فلاحی ریاست کا سربراہ تعلیم کی ترویج کیلئے ہمہ گیر اور مفت اہتمام کرے تاکہ لوگ زیور تعلیم سے آراستہ ہو کر ملک و ملت کیلئے کارگر ثابت ہوں۔ نبی کریم ﷺ نے مدینہ منورہ میں اولین اسلامی اقامتی جامعہ (ResidentialUniversity) میں طلباء کی نہ صرف مفت تعلیم کا بندوبست کیا بلکہ ان کے طعام، لباس اور رہائش کا بھی انتظام کیا۔ ۸

مذکورہ بالا بحث سے علمی فلاح کی اہمیت اور ضرورت ثابت ہوتی ہے کہ اسلام تعلیم کے ذریعے Human Capital کی ترقی کو کس قدر اہمیت دیتا ہے جو کہ دیگر اقوام کیلئے ایک نیا تصور ہے جب کہ مسلمان اس کی اہمیت سے برسوں پہلے آشنا تھے۔ عروج اسلام کے دور میں بلاد اسلامیہ میں اسلامی جامعات نے سائنس اور ٹیکنالوجی کے تمام شعبوں میں شاندار تحقیق کا کام سرانجام دیا جو آگے چل کر یورپ کی نشاۃ ثانیہ میں ممد و معاون ثابت ہوا۔

سیاسی وسماجی فلاح کا حصول:

امام غزالیؒ نے انسانی زندگی کے لیے چار اصول بیان کیے ہیں جو بڑی اہمیت کے حامل ہیں:

اصول لاقوام للعالم دونها وهي اربعة :الزراعة ،وهي للمطعم ،والحياكة ،وهي للملبس ،والبناء ، وهي للمسكن، والسياسة ،وهي للتاليف ،والا جتماع ، والتعاون على اسباب المعيشة ،وضبطها ۹

وہ اصول جن کے بغیر عالم کو قوام نہیں آ سکتا، وہ چار ہیں:

خوراک کی مشکل حل کرنے کیلئے زراعت؛ لباس کی مشکل کیلئے کپڑے کا بننا؛ سکونت کی مشکل کیلئے تعمیرات؛ اور آپس میں الفت و محبت اور اجتماعی زندگی میں ایک دوسرے کے تعاون کیلئے سیاست۔

اسلامی سیاست میں دین زندگی کے تمام سیاسی، سماجی، تمدنی، اخلاقی اور اقتصادی منصوبوں کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ دین صرف عقائد کا مجموعہ ہی نہیں بلکہ زندگی کا ایسا انفرادی اور اجتماعی نظام ہے جو روح کی اصلاح اور بدن کی فلاح دونوں کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ اسی ضرورت کی تکمیل کیلئے اسلامی ریاست ہر پہلو میں اجتماعی ترقی کو پوری توجہ دیتی ہے تاکہ سیاسی نظام مستحکم رہے۔ انسانی معاشرہ کی مستحکم بنیادوں پر تنظیم کیلئے صرف احکام و قوانین کا نفاذ یا عدلیہ کا قیام ہی کافی نہیں بلکہ عوام الناس کے علمی و فکری معیار کو بہتر بنانا اور انسانی رویہ میں مثبت تبدیلی اور تعمیری و تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا بھی ضروری ہے۔ سیاسی

فلاح کے ضمن میں یہ امر نا گزیر ہے کہ لوگوں کو ان کے شہری حقوق دیے جائیں، اور اگر حکومتی سطح پر کوئی غلط کام ہو رہا ہو تو عوامی احتساب کا حق انہیں حاصل ہو۔

معاشی فلاح کا حصول:

معاشی فلاح کے حصول میں اسلامی ریاست کی ذمہ داریاں ہمہ گیر نوعیت کی ہیں۔ یہ نہ صرف لوگوں کی بنیادی ضرورت (مثلاً تعلیم، صحت، رہائش، پینے کا صاف پانی، صفائی وغیرہ) مہیا کرنے کی ذمہ دار ہے بلکہ وہ معیشت کا نظام ان خطوط پر استوار کرتی ہے کہ معاشرہ سے استحصال اور ظلم کا خاتمہ ہو اور کوئی فرد ایسا نہ رہے جو بھوک، افلاس یا بیروزگاری کا شکار ہو۔ لہٰذا اسلامی ریاست حکومتی اور عوامی سطح پر سادہ معیار زندگی کو فروغ دینے کیلئے بھرپور کوشش کرے۔ فلاحی ریاست کا اولین تقاضا یہ ہے کہ وہ اپنی رعایا کی بنیادی ضروریات کی کفیل ہو، ہر وہ ضرورت بنیادی کہلاتی ہے جس کی تکمیل پر کسی انسان کی زندگی کا انحصار ہو۔ انسانی ضروریات اگرچہ بیشمار ہیں تاہم قرآن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّ لَکَ اَلَّا تَجُوْعَ فِیْهَا وَلَا تَعْرٰی وَاَنَّکَ لَا تَظْمَؤُا فِیْهَا وَلَا تَضْحٰی [10]

''بلاشبہ یہ تمہارا حق ہے کہ تم یہاں نہ بھوکے رہو اور نہ ننگے اور یہ کہ نہ تم پیاسے رہو اور نہ دھوپ کی تپش اٹھاؤ۔''

آپ ﷺ نے بنیادی ضروریات کی نشاندہی کرتے ہوئے فرمایا:

لیس لابن آدم حق فی سوی هذه الخصال بیت یسکنه وثوب یواری عورته وجلف الخبز والماء [11]

''آدم کے بیٹے کا بنیادی حق یہ ہے کہ اس کیلئے ایک گھر ہو جس میں وہ رہ سکے، کپڑا ہو جس سے وہ اپنا جسم ڈھانپ سکے اور کھانے کیلئے روٹی اور پینے کیلئے پانی ہو۔''

مذکورہ تصریحات سے یہ بات بخوبی واضح ہوتی ہے کہ ایک اسلامی فلاحی ریاست رعایا کی خوشحالی کیلئے ہر ممکن تدابیر اختیار کرتی ہے۔

اسلام ایک کامل دین اور مکمل دستور حیات ہے، اسلام جہاں انفرادی زندگی میں فرد کی اصلاح پر زور دیتا ہے وہیں اجتماعی زندگی کے زرین اصول وضع کرتا ہے جو زندگی کے تمام شعبوں میں انسانیت کی رہنمائی کرتے ہیں اسلام کا نظام سیاست وحکمرانی موجودہ جمہوری نظام سے مختلف اور اس کے نقائص سے بالکل پاک ہے اسلامی نظام حیات میں جہاں عبادت کی اہمیت ہے وہیں معاملات ومعاشرت اور اخلاقیات کو بھی اولین درجہ حاصل ہے۔ اسلام میں سیاست ممنوع نہیں، یہ ایک ایسا

ضابطہ ہے جو نہ صرف انسان کو معیشت و معاشرت کے اصول و آداب سے آگاہ کرتا ہے، بلکہ زمین کے کسی حصہ میں اگر اسکے پیروکاروں کو اقتدار حاصل ہو جائے تو وہ انہیں شفاف حکمرانی کے طریقے بھی سکھاتا ہے۔اسلام کی نگاہ میں حکومت کا مقصد نیکی ،انصاف اور قانون الٰہی کا قیام ہے،جیسا کہ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اَلَّذِیۡنَ اِنۡ مَّکَّنّٰہُمۡ فِی الۡاَرۡضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَوُا الزَّکٰوۃَ وَ اَمَرُوۡا بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَ نَہَوۡا عَنِ الۡمُنۡکَرِ ؕ وَ لِلّٰہِ عَاقِبَۃُ الۡاُمُوۡرِ ۱۲

''یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اگر ہم زمین میں اقتدار بخشیں تو وہ نماز قائم کریں گے،زکوٰۃ دیں گے،معروف کا حکم دیں گے اور منکر سے روکیں گے،اور سب کاموں کا اختیار خدا ہی کے ہاتھ میں ہے۔''

رسول اللہ ﷺ کی بعثت عرب میں انسانی تاریخ کا عظیم انقلاب تھی ،ایک ایسا روحانی ،ذہنی ،قلبی ،تمدنی ، سیاسی ،اقتصادی اور سماجی انقلاب جس نے اعلیٰ وادنی معیار،عزت وذلت کے معنی اور کامیابی وناکامی کے مفاہیم بدل ڈالے،جس نے انسانی آزادی اور حریت فکر کو اعلیٰ ترین بلندیوں سے ہمکنار کیا اور انسانی حقوق کو نا قابل پامال تقدیس وتحریم عطا کی ،جس نے غلامی ، جبر واستبداد اور استحصال کی ہر شکل اور ہر انداز کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا اور انسانی مساوات ،معاشی انصاف ،سماجی عدل کے ذریعے ایسی معاشرتی ہم آہنگی پیدا کی کہ کشیدگی اور بے چینی کے تمام تر اسباب کا قلع قمع ہو گیا۔

نبی کریم ﷺ نے جب مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت فرمائی تو ہجرت کے ساتھ ہی وہاں ایک اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی ،اس کے خدوخال ،حدود وشرائط ،ذمہ داریاں اور تقاضے فراہم کیے جو اسلامی قانون سیاسی وانتظامی کے اجزاء تھے۔ نبی ﷺ نے اشاعت اسلام ،توسیع مملکت ،استحکام سلطنت اور ظلم وستم کے سد باب کے لیے فعال اور مؤثر حکمت عملی اختیار فرمائی۔آپ ﷺ نے اس نظام کی بنیادیں تشکیل دیں ،اسکے اہم شعبے اور اصول بیان کیے ،آپ ﷺ نے اپنے حسن تدبیر و انتظام سے طرز حکومت میں ایسی تبدیلیاں کیں جن کے سبب روئے زمین پر ایک ایسی مثالی ریاست قائم ہوئی جو رہتی دنیا تک بنی نوع انسان کے لیے ایک بہترین نمونہ کی حیثیت رکھتی ہے۔آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ریاست مدینہ کی طرز پر فلاحی ریاست کے قیام کو ممکن بنایا جائے اور تمام مسائل کو تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں حل کیا جائے۔

اسلامی ریاست کا قیام:

آپ ﷺ کی بعثت کا اہم مقصد رضائے الٰہی کا حصول ،عوامی بہبود اور مثالی فلاحی معاشرے کا قیام تھا جو ریاست

مدینہ کی شکل میں عمل میں آیا، اس کی بنیاد عصبیت کی جگہ دینی وحدت پر قائم تھی۔ چونکہ آپ ﷺ کے پیش نظر ایک فلاحی ریاست کی تعمیر تھی، اس لیے آپ ﷺ نے اداروں کی تاسیس میں مذکورہ باتوں کا بے حد خیال رکھا۔ رسول اللہ ﷺ ایک آزاد اور خود مختار ریاست کے سربراہ اور حکمران اعلیٰ تھے، اور آپ ﷺ نے دنیا کے سامنے جو سیاسی نظام پیش کیا اور پھر ریاست قائم کر کے جن اداروں کا اجراء فرمایا وہ یقینی طور پر تمام نظام ہائے سیاسی سے ممتاز و ممیّز ہیں۔

ریاست مدینہ کی امتیازی خصوصیات:

سیکریٹریٹ کا قیام:

حضور ﷺ کی مدینہ تشریف آوری کے بعد فوری طور پر مسجد نبوی ﷺ کی بنیاد رکھی گئی جو عبادت کے ساتھ ساتھ مرکزی سیکریٹریٹ قرار پائی۔ سیاسی، مذہبی اور دیگر معاملات پر مشورے یہیں ہوتے، گویا اس وقت مسجد مسلمانوں کا معاشرتی مرکز تھی۔ تمام امور کیلئے الگ الگ افراد ذمہ دار بنائے جاتے تھے، وہ متعلقہ شعبہ کا ریکارڈ رکھتے، سربراہ حکومت کے احکام کو ضبط تحریر میں لاتے اور ان کو متعلقہ افراد تک پہنچاتے تھے۔ اس قسم کا تمام دفتری نظام اور تحریرات کا کام ارباب انشاء کی ایک باصلاحیت اور ذمہ دار جماعت کے سپرد تھا۔

معاشی مسائل کا حل:

ریاستی سیکرٹریٹ کے قیام کے بعد آپ ﷺ نے معاشی مسائل کو فوری بنیادوں پر حل فرمایا۔ مواخات کے ذریعے مہاجرین کی آبادکاری کا مسئلہ حل کیا اور ہنگامی حالات کا خاتمہ کیا، انصار نے اسلامی فلاحی ریاست کے قیام کے لیے بے مثال قربانیاں دیں۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ مدینہ میں یہود کی اجارہ داری قائم تھی اور ان کی ساری تجارت سود پر قائم تھی، لیکن آپ ﷺ نے اس کے متبادل قرض حسنہ کا نظام رائج فرمایا اور جب معاشرے میں باہمی تعاون کے ذریعے بلاسود معیشت قائم ہونے لگی تو آپ ﷺ نے سود کو مکمل حرام قرار دے دیا۔

میثاق مدینہ:

مواخات کے بعد آپ ﷺ نے مدینہ کے دفاع کی طرف توجہ دی اور اس ضمن میں آپ ﷺ نے اہل مدینہ کو خطرات سے بچانے کیلئے اندرونی و بیرونی معاہدات کا سلسلہ شروع فرمایا جس میں میثاق مدینہ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔[۱۳] یہ نہ صرف یہود سے کیا گیا ایک معاہدہ ہے بلکہ اس کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں حضور ﷺ کی سیادت و بالادستی کو تسلیم کیا

گیا۔اس معاہدے کے بعد پہلی مرتبہ مدینہ کو شہری مملکت قرار دیا گیا اور اس کے انتظام کیلئے با قاعدہ دستور مرتب کیا گیا۔ بقول محمد حسین ہیکل اس تحریری معاہدہ کی رو سے حضرت محمد ﷺ نے آج سے ۱۴۰۰ سال پہلے ایک ایسا معاشرتی ضابطہ قائم کیا جس سے شرکائے معاہدہ میں سے ہر گروہ اور ہر فرد کو اپنے عقیدے کی آزادی کا حق حاصل ہوا،اس سے انسانی زندگی کی حرمت قائم ہوئی اور اموال کے تحفظ کی ضمانت مل گئی۔ارتکاب جرم پر گرفت اور مواخذے سے معاہدین کی یہ بستی رہنے والوں کیلئے امن کا گہوارہ بن گئی۔

داخلہ پالیسی:

ریاست کے داخلی نظم ونسق میں جو چیز سب سے اہم سمجھی جاتی ہے وہ یہ کہ انتظامیہ کے تمام ادارے ایک دوسرے سے ممتاز اور الگ الگ ہوں۔تمام امور سے متعلقہ ادارات اور صیغے جتنے زیادہ منظّم اور ترقی یافتہ ہوں ریاست ومعاشرہ بھی اتنا ہی متمدن اور مستحکم ہوگا۔آپ ﷺ نے مواخات اور دفاع مدینہ کے بعد ریاست کی داخلہ پالیسی کی طرف توجہ دی اور مدینہ اور اسکے نواحی علاقوں پر مشتمل خطّے کو ایک وحدت قرار دیا۔شہری ریاست کو اندرونی خلفشار سے بچانے،استحکام بخشنے،امن عامہ اور اخلاقی اقدار کی تربیت پر آپ ﷺ نے خصوصی توجہ دی اور ان امور کو جس سلیقہ سے ملحوظ خاطر رکھا وہ سیاسی تدبر وفراست کا بیّن ثبوت ہیں۔

خارجہ پالیسی:

خارجہ پالیسی ایک ایسا موضوع ہے جو ہر دور میں اقوام عالم اور تمام مہذب معاشروں کے درمیان تعلقات کے حوالے سے نشان منزل کا کام دیتا رہا ہے۔جہاں تک اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی کا تعلق ہے تو اس کی بنیاد قرآن مجید کے الہامی احکامات اور تعلیمات اسوۂ حسنہ ﷺ پر مشتمل ہے۔خارجہ پالیسی کیلئے آپ ﷺ نے امن اور بین الاقوامی مفاد کو بنیاد بنایا ،اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی جغرافیائی حدود میں وسعت اور جنگ پر مبنی نہیں ہوتی۔اسلام کی خارجہ پالیسی کا اصول یہ ہے کہ باوقار زندگی کیلئے پر امن جدوجہد جاری رکھی جائے ،اگر کوئی اس راہ میں حائل ہو تو اس کے خلاف اس حد تک کاروائی کی جائے جتنی ضرورت ہو۔یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے مختلف اقوام سے دوستی کے معاہدے کیے اور جو قومیں غیر جانبدار رہیں ان کی غیر جانبداری کا احترام کیا۔ [۱۴]

مشاورت:

ریاست مدینہ میں منتظم اعلیٰ حضور ﷺ کی ذات مبارکہ تھی لیکن آپ ﷺ صحابہ کرامؓ سے ہر معاملے میں مشورہ فرمایا

کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے سربراہ ریاست کی حیثیت سے اپنے فیصلے کبھی آمرانہ انداز سے مسلط نہیں کیے بلکہ امور ریاست کی انجام دہی میں ہمیشہ مشاورت کے بعد اقدام فرمایا۔ جب آپ ﷺ نے مدینہ کو ریاست بنایا تو حکومتی اختیارات کو عوام تک اس طرح منتقل فرمایا کہ ہر دس افراد پر ایک نقیب مقرر کیا اور دس نقیبوں پر سربراہ عریف، اور سو عریف پر مشتمل پارلیمنٹ بنائی، اس طرح عوام براہ راست حاکم اعلیٰ تک اپنے مسائل پہنچا سکتی تھی۔ ۱۵

قانون:

عدل و انصاف کا قیام ہر مہذب و متمدن انسانی معاشرہ کی اوّلین ضرورت اور حکومت کا سب سے اہم فریضہ ہے۔ عدل کے بغیر نہ لوگوں کے درمیان حقوق و فرائض کا تعین ہو سکتا ہے اور نہ ظلم و استحصال کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ مدینہ کی ریاست اوّلین ریاست تھی جس میں قانون سب کیلئے ایک اور قانون کی نظر میں سب برابر تھے، جہاں عدل و انصاف کے تقاضوں کے مطابق مسلمان قاضی کا فیصلہ یہودی کیلئے برأت اور مسلمان کیلئے گردن زنی کا تھا۔ غرض رسول ﷺ کی تمام تر کوشش اس بات پر مرکوز تھی کہ انصاف سہل ہو اور اس معاملہ میں تعصب یا جانبداری سے کام نہ لیا جائے۔ ۱۶

سرکاری افسروں کا انتخاب:

یہ حقیقت ہے کہ تنہا حکمران، ریاست کے تمام کام انجام نہیں دے سکتا لہٰذا مختلف امور کی انجام دہی میں لوگوں کی مدد و اعانت کا محتاج ہوتا ہے اور پھر ریاست کی کارکردگی اس کی نشو و نما اور فلاح و خسران کا مدار ان ہی کارکنانِ ریاست پر ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک سربراہ ریاست کی انتہائی اہم ذمہ داری یہ ہے کہ وہ ریاست کے انتظامی مناصب پر ایسے لوگوں کا انتخاب کرے جو ریاست کے مقصد وجود کو سمجھتے ہوں اور اپنی صلاحیتوں کو ٹھیک استعمال کر کے اپنے عہدوں سے انصاف کر سکتے ہوں۔ رسول ﷺ نے بحیثیت حکمران اس مسئلہ پر اپنی پوری توجہ صرف کی اور حکومت کے عہدوں پر ایسے خدا ترس، باصلاحیت، بے لوث، پاکیزہ کردار اور مخلص افراد کا تقرر کیا جو اسلام کی روح سے واقف، تجربہ کار اور پختہ طور پر تربیت یافتہ تھے۔ حضور ﷺ کے عہد میں چونکہ یمن اور حجاز اسلامی مملکت میں شامل ہو چکے تھے اس لیے آپ ﷺ ان علاقوں میں والی مقرر کرتے ہوئے ان کے تقویٰ، علم و دانش، عقل و فہم کا خاص خیال رکھتے تھے۔ امراء کے انتخاب میں حضور ﷺ کی حکمت عملی کا یہ اہم جز تھا کہ جو لوگ والی بننے کی درخواست کرتے ان کی درخواست رد کر دی جاتی۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے:

انا والله لا نولي على هذا العمل احدا ساله ولا احدا حرص عليه ۱۷

''خدا کی قسم ہم کسی ایسے شخص کو اپنی حکومت کے کسی منصب پر مقرر نہیں کرتے جو اس کا حریص ہو۔''

احتساب:

اگرچہ رسول اللہﷺ کے عہد میں احتساب کا کوئی باقاعدہ محکمہ قائم نہیں تھا، بلکہ آپﷺ یہ فرض خود انجام دیا کرتے تھے، چونکہ وہاں تجارتی معاملات کی حالت قابل اصلاح تھی لہٰذا آپﷺ اس کی بھی نگرانی فرماتے۔ ۱۸

مدینہ آنے کے بعد آپﷺ نے اصلاحات جاری کیں اور لوگوں سے ان پر عمل کرایا اور اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دی جاتی۔ اس وقت کوئی جیل خانہ موجود نہیں تھا اس لیے مجرم کو صرف کچھ مدت کیلئے لوگوں سے ملنے جلنے اور معاشرتی تعلقات قائم رکھنے پر پابندی لگائی جاتی۔ آپﷺ عمال پر کڑی نگاہ رکھتے اور شکایت ملنے پر فوری تحقیقات کے بعد سزا دی جاتی تاکہ ریاست کا نظام درہم برہم نہ ہو۔ ۱۹

نظام تعلیم:

مدینہ میں تعلیم کو بڑی اہمیت دی گئی تھی کیونکہ قوموں کی نشوو ارتقاء کا دارومدار تعلیم پر ہے۔ رسولﷺ کی تعلیم زندگی کے کسی ایک گوشہ سے متعلق نہ تھی بلکہ ہر لحاظ سے جامع اور ہر شعبہ حیات پر حاوی تھی۔ آپ ﷺ نے ہجرت سے قبل ہی حضرت مصعب بن عمیرؓ کو مدینہ میں معلّم بنا کر بھیجا اور ہجرت کے بعد آپ ﷺ نے بطور خاص تعلیم و تعلّم کی سرگرمیاں سرکاری حیثیت سے جاری فرمائیں۔ اسلامی نظریہ حیات کی تعلیم اور ان بنیادوں کو واضح کرنے کیلئے جن پر اسلامی ریاست کو قائم کیا گیا تھا حضورﷺ نے مسجد نبوی ﷺ کو اپنی تمام سرگرمیوں کا مرکز بنایا، آپ ﷺ نے سرکاری پیمانے پر تعلیم دین کو تربیت یافتہ معلّمین کے علاوہ صوبے کے گورنروں کے فرائض منصبی کا حصہ بنایا۔ ۲۰

اسلامی ریاست کی اساس نظام عدل پر قائم ہوئی، آپﷺ نے ایسا معاشرہ قائم کیا جو ہر پہلو سے ایک مثالی معاشرہ کہلاتا ہے۔ ریاست مدینہ میں عام فرد سے لے کر حکمران تک ہر شخص ہی کردار کا پیکر اور اعلیٰ اخلاق کا بلند نمونہ نظر آتا ہے۔ نبی کریمﷺ نے اسلامی معاشرے کو ایسے ہی نہیں چھوڑ دیا بلکہ اسے ایک مکمل نظام دیا اور سیاست کے اعلیٰ اصولوں پر مدینہ منورہ میں اسلامی ریاست قائم فرمائی اور اس کو ان سیاسی و معاشرتی قدروں پر اس طرح باہم مربوط فرمایا کہ مملکت کا ہر فرد باہمی معاہدے میں منسلک نظر آتا ہے۔ اسکی مثال میثاقِ مدینہ ہے جس کے تحت مسلمان، یہودی اور مشرکین ریاست کے دفاع اور قیام امن کے پابند تھے اور یہ پہلا تحریری آئین تھا جس نے انسانی زندگی کو بے ترتیبی اور بے اعتدالی کے ماحول سے نکال کر نظم و

ضبط کے ماحول میں لا کھڑا کیا۔رسول اللہﷺ نے سیاست و ریاست کے انداز و اسالیب میں انقلابی تبدیلیاں فرمائیں اور سخت انتشار کے پس منظر میں سیاسی اتحاد کو ابھارا۔ریاست کے باب میں سب سے اہم تغیر یہ تھا کہ آپﷺ نے شہنشاہیت اور مطلق العنانیت کے نقوشِ کہنہ کو محو کر کے حاکمیتِ باری تعالیٰ کا نقش ثبت کیا۔حکمرانوں کو الوہیت کی مسند سے اتار کر عام انسانوں کے برابر کھڑا کیا اور جبر واستبداد،ظلم وناانصافی ،استحصال، خیانت، دغابازی،کشت وخون،فتنہ وفساد اور دھوکہ وفریب کے بجائے حریت فکر وعمل،تقویٰ،امانت ودیانت،شوریٰ،امن وصلح،نظم وضبط،عدل وانصاف،مساوات،رواداری کی روایات کو زندہ وتابندہ کیا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ دین وسیاست کو متحد کیا۔یہاں یہ امر قابل غور ہے کہ دین وریاست کے درمیان اتحاد وتعلق کا یہ رشتہ خارجی یا مصنوعی نہ تھا بلکہ فطری اور حقیقی تھا کہ ریاست دین کے نتیجہ میں روبہ عمل آئی تھی۔ ۲۱

ریاست نبویﷺ بہرصورت ایک مکمل،آزاد،خودمختار،حقیقی سیاسی طاقت اور اپنے تمام ادارات کے ساتھ ایک مثالی مملکت تھی۔اس ریاست کے وظائف واعمال کا مطالعہ اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ وہ ایک نظریاتی ودستوری اور فلاحی ریاست تھی جہاں معاش ومعاد کو یکساں اہمیت حاصل تھی اور ایک عادلانہ اجتماعی نظام سایہ فگن تھا۔

اسلام کی آئینی ودستوری خدمات میں سے یہ بھی ہے کہ ریاست کے تینوں اعضاء مقنّنہ(Legislative)، عاملہ(Executive) اور عدلیہ(Judiciary) کو علیحدہ علیحدہ تشخص دیا گیا۔اسلامی ریاست میں قوانین لوگوں کی خواہش کے مطابق نہیں بنائے جاتے اور نہ ہی یہ اکثریت کی خواہش کے قانون کو تسلیم کرتی ہے بلکہ اسلامی ریاست میں تمام فیصلے اور قوانین اللہ تعالیٰ کے نازل کیے ہوئے قرآن اور رسولﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں حل کیے جاتے ہیں۔آج امت مسلمہ جس عملی زوال کا شکار ہے اس کی بنیادی وجہ اسلام کے عطا کردہ عالمگیر نظام حیات سے انحراف ہے،اسلام نے طبقاتی و معاشرتی امتیازات کی ساری دیواریں منہدم کر کے مساوات کا وہ اعلیٰ نظام قائم کیا جہاں مجرم قانون سے مستثنیٰ نہیں۔اسلام ایک کامل دین اور مکمل دستور حیات ہے اور اس کا نظام سیاست وحکمرانی موجودہ جمہوری نظام سے مختلف اور اسکے نقائص سے بالکل پاک ہے۔اسلامی نظام حیات میں جہاں عبادت کی اہمیت ہے وہیں معاملات ومعاشرت اور اخلاقیات کو بھی اوّلین درجہ حاصل ہے۔اسلامی حکومت کو تمام دوسری حکومتوں سے ممتاز کرنے والی خصوصیت یہ ہے کہ قومیت کا عنصر اس میں قطعی ناپید ہے۔اسلامی مملکت کے بنیادی اصولوں میں عقیدہ توحید سیاست شرعیہ کی سب سے اہم بنیاد ہے یعنی صرف اللہ تعالیٰ تمام عالم کا معبود حقیقی ہے۔قرآن میں اس کو مختلف انداز سے بیان کیا گیا ہے ارشاد باری ہے:

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۲۲

''وہی ایک اللہ تمہارا رب ہے اسکے سوا کوئی معبود حقیقی نہیں وہی ہر چیز کا خالق ہے،
پس تم اس کی بندگی کرو اور وہ ہر چیز کا نگہبان ہے۔''

عقیدہ توحید جب کسی کے دل میں راسخ ہو جاتا ہے تو اس میں عبدیت کی روح پیدا ہو جاتی ہے اور یہ وہ عظیم جوہر ہے جس سے انسان مادی قوتوں سے نجات حاصل کر لیتا ہے اور مختلف دنیاوی خداؤں جن کی وجہ سے ظلم وستم کا بازار گرم ہوتا ہے ان سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی غلامی انسان میں خود غرضی اور تنگ نظری کو جڑ سے ختم کر دیتی ہے۔ اسلامی مملکت کا تیسرا عنصر خلافت و نیابت الٰہی ہے، جس میں انسان اللہ کی زمین میں اللہ تعالیٰ کے احکام کا نفاذ کر کے نیابت الٰہی کے منصب پر فائز ہوتا ہے۔ مملکت اسلامی میں خلیفہ حقیقی مقتدر اعلیٰ کا نائب اور اس کے تفویض کردہ اختیارات کے صحیح استعمال کا پابند ہوتا ہے۔

ریاست مدینہ کے بعد پاکستان وہ پہلی ریاست ہے جو اسلامی نظریے کی بنیاد پر معرض وجود میں آئی۔ لیکن افسوس آج اسلامی جمہوریہ پاکستان پر جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کا قبضہ ہے، آج ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کو بھی ریاستِ مدینہ کی طرز پر اسلامی فلاحی مملکت بنایا جائے تاکہ قیام پاکستان کا مقصد پورا ہو سکے۔ مگر لمحہ فکریہ یہ ہے کہ اگر اس مملکت کو اس طرز پر ڈھالنے کیلئے کوئی سنجیدہ کوشش کی جائے تو مفاد پرست طبقات ایک ہو کر اس منزل کے حصول میں رکاوٹ بن جاتے ہیں۔ آج ہم بنیادی انسانی ضروریات، دولت و وسائل کی منصفانہ تقسیم، تعلیم وصحت، عدل وانصاف، تعمیر وترقی اور دنیا میں عزت ووقار کے ساتھ سربلند کر کے چلنے سے کیوں محروم ہیں؟

اسلام کا بنیادی نصب العین دنیا میں اسلامی حکومت کا قیام ہے لیکن مسلمان حکمرانوں نے مغربی جمہوری نظام نافذ کیا اور یوں مغربی جمہوریت کی ساری خرابیاں ان کے اندر پیدا ہوتی چلی گئیں۔ اس وقت تقریباً تمام مسلم ریاستوں میں ملوکیت، جاگیرداری، سرمایہ داری یا مغربی جمہوریت کے ذریعے حکومتیں بنتی اور بدلتی ہیں، جبکہ اسلام کے سیاسی نظام میں ان عوامل کا سرے سے کوئی دخل ہی نہیں بلکہ اسلام کا تو پیغام ہی طبقاتی امتیاز کا خاتمہ تھا۔ اکیسویں صدی کے تناظر میں جدید اسلامی فلاحی ریاست کا قیام ناگزیر ہے، حضور ﷺ نے ایک قلیل مدت میں اسلامی نظریات کے عین مطابق جدید فلاحی انقلابی ریاست قائم کی اور پورے عرب کو اس کے زیر سایہ لانے میں کامیاب ہو گئے کیونکہ افراد کی سیرت کی تشکیل معاشرے اور ریاست سے باہر ممکن نہیں۔ اسلامی ریاست کے قیام کیلئے ضروری ہے کہ ریاستِ مدینہ کا صحیح اور مکمل مفہوم حکمرانوں کے ذہنوں میں ہونا چاہیے

کیونکہ کسی بھی چیز کو جانے بغیر نہ اسے پوری طرح اختیار کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی اس کے تقاضے پورے کیے جا سکتے ہیں ۔ریاست کیلئے ضروری ہے کہ وہ افراد کے بنیادی انسانی حقوق کی ضمانت دے تاکہ وہ سیاستدانوں کی ریشہ دوانیوں اور ظلم و تشدد سے آزاد اور بے خوف وخطر ہوکر اپنی ترقی وخوشحالی کیلئے مساوی مواقع سے فائدہ اٹھاسکیں۔اس ضمن میں چند سفارشات و تجاویز پیش کی جارہی ہیں اگر اربابِ اقتدار ان کو سامنے رکھ کر اقدامات کریں تو مملکت میں ایک دائمی سیاسی استحکام ممکن ہوسکتا ہے۔

تجاویز وسفارشات :

۱۔ عصری اسلامی مملکت قرآن وسنت کے قوانین واحکام کے مطابق نظام کو چلائے گی۔قرآن وسنت کے مخصوص احکام میں تبدل وتغیر نہیں ہوسکتا،البتہ اجتہادی احکام جو زمانے کے عرف کے لحاظ سے فقہاء نے مستنبط کیے ہوں وہ عرف کے بدلنے سے بدل سکتے ہیں۔

۲۔ اسلام کے نظام احتساب کا بنیادی مقصد ایک ایسے معاشرے کا قیام عمل میں لانا ہے جہاں عدل ،مساوات، برابری،حریت فکر اور شخصی آزادی ہو،کوئی شخص جو شرعی امور کی خلاف ورزی کرے یا ریاستی امور میں بددیانتی کا مرتکب ہو عہدہ منصب کا لحاظ رکھے بغیر اسے قانون کی گرفت میں لایا جائے اور جرم ثابت ہونے کے بعد قانونی کاروائی اس طرح کی جائے کہ وہ باقی افراد کے لیے عبرت کا باعث ہو،اسلام کے نظام تعزیرات کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ شرعی،اخلاقی اور ریاستی قواعد کی پامالی پر اسے ایسی سزا دی جائے کہ اس کو دیکھ کر باقی افراد عبرت حاصل کریں۔آج ان اصولوں کو مغرب نے اپنا لیا ہے جس کی وجہ سے ان کا ریاستی ڈھانچہ مضبوط ہوگیا ہے۔لہٰذا پاکستان میں تبدیلی کے لیے سب سے اہم تجویز یہ ہے کہ احتساب کا نظام مضبوط ہو تاکہ ملک میں بدعنوانی کا خاتمہ ممکن ہو۔

۳۔ بلدیاتی اداروں سے لے کر قومی اسمبلی تک انتخابات کا نظام اتنا مضبوط اور منظّم ہو کہ کوئی ان پڑھ اور رشوت خور صوبائی اور وفاقی سطح پر اسمبلی کا ممبر نہ منتخب ہو۔اہل، دیانتدار اور تعلیم یافتہ افراد کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت ہو اور جب وہ منتخب ہوکر اسمبلی میں پہنچیں تو ان کے معاشرتی مقام ،مالی حالت اور روابط وغیرہ کا ریکارڈ رکھا جائے اور افراد کی نمائندگی کے دوران اگر اس سے کوئی غلطی سرزد ہو جو اسلام اور نظریہ پاکستان سے متصادم ہو تو اسے نااہل قرار دے کر عہدے سے برخاست کردیا جائے۔

۴۔ عدلیہ کی آزادی اور انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ بیشمار عوامل ہیں، پاکستان میں حقیقی تبدیلی کیلئے ضروری ہے کہ عدالتیں بغیر کسی دباؤ کے فیصلے صادر کرتی ہوں۔ انصاف کی فوری فراہمی کیلئے ضروری ہے کہ ججز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے تا کہ سالہا سال سے زیر سماعت مقدمے جلد نمٹائے جائیں۔ اسلام میں فراہمی انصاف کی اہمیت کے پیش نظر ہر علاقے میں علیحدہ قاضی مقرر کیے جائیں جو مسائل کی سماعت کے بعد فوری فیصلے صادر کریں۔ آج بھی دنیا کے مہذب ممالک میں صوبوں اور ضلعوں کی سطح پر عدالتیں زیادہ ہونے کی وجہ سے مسائل کے جلد تصفیہ کا موقع بآسانی مل جاتا ہے۔ عدالتی نظام کو کرپشن سے پاک کرنے کیلئے موجودہ 'سپریم جوڈیشل کونسل' کو مزید فعال بنانے کی اشد ضرورت ہے تا کہ بدعنوان اور رشوت خور ججز کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جاسکے۔

۵۔ پولیس کسی بھی ملک کے نظام میں اہم حیثیت کی حامل ہوتی ہے یہ وہ ریاستی ستون ہے جس پر ریاست کے مجموعی ڈھانچے کا انحصار ہوتا ہے کیونکہ مجرم تک پہنچ سب سے پہلے اس ادارے کے اہلکاروں کی ہوتی ہے۔ ہماری پولیس میں رشوت ستانی کی روک تھام کیلئے حکومت کو ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کرنا چاہیے تا کہ وہ اپنے اخراجات کی تکمیل کیلئے رشوت لینے سے اجتناب برتیں۔ اس نظام کی اصلاح کیلئے ضروری ہے کہ ان کی تنخواہوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ ان کے معیار زندگی میں بہتری کیلئے ان کو موزوں سہولیات بہم
پہنچائی جائیں۔ نیز مختلف تربیتی کورسز کے ذریعے ان کو اسلام کی اخلاقی اور معاشرتی تعلیمات سے روشناس کرایا جائے۔

۶۔ بیوروکریسی نے پاکستان کو جس قدر لوٹا ہے اتنا کسی اور ادارے نے نہیں لوٹا، غرض جس کا جتنا دائرہ اختیار تھا اس نے اسی قدر اس کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے اپنے بینک بیلنس جمع کیے۔ ہماری حکومتوں میں بگاڑ کا بنیادی سبب یہی بیوروکریسی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ کئی آفیسر دیانتداری اور ایمانداری سے اپنا فرض پورا کر رہے ہیں لیکن اس میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جنھوں نے اقرباء پروری میں میرٹ کی تمام حدوں کو عبور کر دیا ہے جبکہ مہذب اور جمہوری ممالک میں بیوروکریسی عوام کی خادم ہوتی ہے۔

۷۔ اشیاء میں ملاوٹ اور ان کی قیمتوں میں روک تھام کیلئے حکومت کی ذمہ داری ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی کے ذریعے ان پر نگران مقرر کیے جائیں، اور ریاست میں ملاوٹ سے پاک اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ جو لوگ ذخیرہ اندوزی کر کے بازار میں مخصوص اشیاء کی مصنوعی قلت پیدا کریں ان کو حکومت کی طرف سے سخت سزا دی جائے۔ نیز منڈیوں میں

حکومت با قاعدہ اپنی نگرانی میں ناپ تول کے نظام کو منصفانہ بنائے۔

۸۔ پاکستان میں محصول کے نظام میں اصلاح کی شدید ضرورت ہے، محصول کا بنیادی مقصد عوام کو آرام و سکون پہنچانا ہے نہ کہ عوام کو محصول کے بوجھ تلے دباتے چلے جانا۔ ترقی پذیر اور غریب ممالک میں غیر پیداواری مصروفیات اور اخراجات کو رواج دینا مغربی ممالک کی سازش ہے۔ ورلڈ بینک اور I.M.F قرضے دینے کیلئے ایسے اخراجات اور مصروفیات کی شرائط پہلے ہی عائد کرتے ہیں، ۲۳

سیاسی بھرتیاں اور غیر ضروری اقدامات اور کرپشن نے اداروں کو کھوکھلا کر دیا ہے، اس کے ساتھ ہی قرضوں کی ادائیگی کیلئے عوام پر غیر ضروری محصولوں کا اضافہ کیا جاتا ہے اور ملکی ترقی کے نام پر لیے جانے والے قرضوں کی آڑ میں اپنے مال و دولت میں اضافہ کیا جاتا ہے اور ملک کو تنزلی کی راہ پر دھکیل کر مہنگائی کا رونا رویا جاتا ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ان ہتھکنڈوں سے چھٹکارا پا کر تمام غیر ضروری محصولوں کو ختم کر دیا جائے۔

۹۔ ہر صوبے میں عالمی معیار کی یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے تا کہ جہالت کا خاتمہ ہو سکے۔ انٹرنیشنل یونیورسٹیز کو اس بات پر آمادہ کیا جائے کہ وہ پاکستان میں تعلیم کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ اعلیٰ معیار کی تعلیم کے حصول کیلئے ترقی یافتہ ممالک کے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمارے تعلیم یافتہ طبقے کو اپنے ملک میں وسائل باہم میسر کیے جائیں تا کہ غیر ممالک جانے کا رجحان ختم ہو سکے اور ملک ان کی خدمات سے مستفید ہو سکے۔ آبادی کے تناسب سے ہر ضلع میں کم از کم ایک یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے۔ تعلیم کے شعبہ میں اصلاحات کیلئے مجلس شوریٰ کا قیام عمل میں لایا جائے۔ یونیورسٹیز میں پڑھائے جانے والے نصاب کو جدید اصولوں پر استوار کیا جائے اور امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام کیلئے نظام وضع کیا جائے تا کہ صرف اہل لوگ ہی ایوانوں میں آئیں۔ تعلیمی اداروں کو سرکاری اثر و رسوخ سے پاک کیا جائے اور غیر قانونی بھرتیوں سے اجتناب کیا جائے تا کہ ایسا نظام پروان چڑھے جہاں بدعنوانی پنپ نہ سکے۔

